سوال

(327) شوہر کا بیوی کے پستان چوسنے سے رضاعت کا مسئلہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شوہر کا بیوی کے پستان چوستے ہوئے منہ میں دودھ داخل ہونے سے رضاعت کا شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شوہر کے بیوی کا پستان چوسنے اور دودھ کی تھوڑی بہت مقدار لینے سے کیا رضاعت ثابت ہوجائے گی۔

غیر محرم کو دودھ پلانے سے رضاعت ثابت ہوجاتی ہے لیکن اس میں شریعت نے دودھ کی مقدار اور رضاعت کی عمر کا تعین کیا ہے۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں، کان فیما أنزل القرآن عشر رضعات معلومات یحرمن ثم نسخن بخمس معلومات۔ قرآن میں یہ حکم نازل کیا گیا تھا کہ دس بار دودھ پینا جبکہ اس کے پینے کا یقین ہوجائے نکاح کو حرام کردیتا ہے پھر یہ حکم پانچ مرتبہ یقینی طور پر دودھ پینے سے منسوخ ہوگیا۔ (صحیح مسلم کتاب الرضاع باب التحریم بخمس رضعات: 1452)

حضرت عائشہ ہی سے دوسری روایت میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا: لا تحرم المصتہ ولا لمصتان ''ایک دفعہ اور دو دفعہ دودھ چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔'' (صحیح مسلم کتاب الرضاع: 1450)

حضرت اُم سلمہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''صرف وہی رضاعت حرمت ثابت کرتی ہے جو انتڑیوں کو کھول دے اور وہ دودھ چھڑانے کی مدت سے پہلے ہو۔'' (سنن ترمذی: 1152)

ابن عباسؓ سے مروی ہے: لا رضاع إن فی الحولین 'کوئی رضاعت معتبر نہیں سوائے اس رضاعت کے جو دو سال کے دوران ہو۔'' (مصنف عبدالرزاق: 3 1390)

مندرجہ بالا روایات سے معلوم ہوا کہ دو سال کی عمر میں جب بچہ پیٹ بھر کر جس سے انتڑیاں تر ہوجائیں پانچ دفعہ دودھ پی لے تو رضاعت ثابت ہوجائے گی۔

صورت بالا میں جیسا کہ سائل نے سوال کیا ہے کہ شوہر کے دودھ پینے سے رضاعت ثابت ہوگی یا نہیں۔ تو اس بارے میں یہی ہے کہ یہ رضاعت ثابت نہیں ہوگی کیونکہ اوپر نصوص میں رضاعت کے لیے دو سال کا ہونا اور کم از کم پانچ مرتبہ پیٹ بھر کر دودھ پینا شرط ہے اور یہاں وہ صورت نہیں ہے۔ لہٰذا شوہر کے اپنی بیوی کا پستان منہ میں ڈالتے وقت دودھ کی محدود مقدار سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی۔

فتاویٰ ارکان اسلام

نماز کے مسائل